سوال نمبر 648

منجانب: جناب ملک بادشاہ صالح صاحب رُکن، صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر مواصلات و تعمیرات اِرشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ چون کس پُل حلقہ پی کے 10 ضلع دیر بالا منظور ہوا اور 03.04.2013 کو روزنامہ مشرق میں اس کا ٹینڈر بھی ہوا تھا؟	جی نہیں۔ چون کس پُل کا کوئی ٹینڈر نہیں ہوا ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹینڈر منسوخ کر کے چون کس پُل کے بجائے حلقہ پی کے 12 میں جان بھٹی میں پُل تعمیر کیا گیا اور چون کس پُل تحصیل کلکوٹ پر ابھی تک کام شروع نہیں کیا جاسکا؟	جی نہیں ۔البتہ یہ امر قابل ذکر ہے کہ چون کس پُل تحصیل کلکوٹ پاکستان آرمی بنا رہی ہے اور محکمہ ہذا نے ٹرانسپورٹیشن اور لانچنگ کے لیے مبلغ 1517989 روپے بذریعہ چھٹی نمبر 1224/6-W بمورخہ 07.05.2014 پاکستان آرمی کو ادا کی ہے. جبکہ جان بھٹی پُل DFID سے پاکستان آرمی بنا رہا ہے۔ اس ضمن میں کوئی کام محکمہ کی ذمہ نہیں ہے۔
(ج)	آیا یہ بھی دُرست ہے کہ چھٹی نمبر SO(DEV-11)4-1-2013-14FD مورخہ 05.07.2013 کے تحت محکمہ سی اینڈ ڈبلیو سٹیل پُل کے ٹرانسپورٹیشن اور لانچنگ کیلئے 75.00 ملین روپے DFID والوں کو ادا کر چکا ہے ؟اور مذکورہ پُل کے Abutment ٹی ایم اے کی طرف سے مکمل ہو چکے ہیں۔	جی نہیں۔البتہ مبلغ 1570989 روپے بذریعہ چھٹی نمبر 1224/6-W مورخہ 07.05.2014 کو پاکستان آرمی ٹرانسپورٹیشن اور لانچنگ کے لیے فراہم کیے گئے ۔
(د)	اگر(ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پُل کب تعمیر و مکمل ہو گا تفصیل فراہم کی جائے۔	کام مکمل کرنے کی ذمہ داری پاکستان آرمی کی ہے البتہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے کام کو مکمل کرنے کے لیے پاکستان آرمی کو چھٹی نمبر 1322/16-W جلد بمورخہ 03.12.2018 ارسال کی ہے۔